بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# وفاق المدارس العربیہ پاکستان

Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan.

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ مُلتان

فون نمبر: 061-111122133

حوالہ نمبر: AM-1 1365 -1447/s

تاریخ: 30-02-1447
25-08-2025

# اہم اعلان

## بابت داخلہ سالانہ امتحان 1447ھ

- مدارس کی سہولت کے پیشِ نظر سالانہ امتحان 1447ھ کے داخلہ اور درجہ اولیٰ کی رجسٹریشن وصولی کی تاریخیں تبدیل کی گئی ہیں۔ یکم تا 30 ربیع الاول سنگل فیس، یکم تا 15 ربیع الثانی دوگنا فیس، 16 ربیع الثانی تا اختتام ربیع الثانی تین گنا فیس، یکم جمادی الاولیٰ تا 15 چار گنا فیس کے ساتھ داخلے وصول کیے جائیں گے۔ درجہ اولیٰ رجسٹریشن کی سنگل فیس ابتداء محرم تا اختتام ربیع الاول ہوگی، دوگنا فیس باقی درجات کے مطابق ہی رہے گی۔ جبکہ اس کی تین گنا فیس 16 ربیع الثانی تا اختتام ذوالحجہ ہوگی۔
- سنگل فیس کے داخلہ کے فیس چالان فارم، بینک فیس رسید اور تمام درجات (رجسٹریشن درجہ اولیٰ، دیگر درجات کتب وحفظ) کی آن لائن فہرست مع دستخط مہتمم ومہر مدرسہ اکھٹے ربیع الاول میں ہی دفتر وفاق کو ارسال کریں۔ اسی طرح ہر مدت کی تکمیل پر اکھٹے بھجوائیں۔
- مدارس اپنے آن لائن داخلے کرنے کے بعد تسلی سے چیک کریں کہ مطلوبہ داخلے درست کوائف کے ساتھ مکمل ہو چکے ہیں۔ اگر کوئی داخلہ غلط ہو گیا ہو یا کسی طالب علم/طالبہ کے کوائف غلط درج ہو گئے ہوں تو مدارس ہر مدت کے دوران اسی مدت کے غلط داخلے کو ختم یا تبدیل اور غلط کوائف کو آن لائن درست کر سکتے ہیں۔
- بعض مدارس آن لائن داخلے کی فہرست پرنٹ کر کے دفتر وفاق کو بھیجنے کے بعد تمام طلبہ کا آن لائن ریکارڈ ختم کر دیتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ فہرست دفتر وفاق کو بھیجنے کے بعد آن لائن ریکارڈ محفوظ رکھنے کی ضرورت نہیں۔ حالانکہ داخلے کا آن لائن ریکارڈ محفوظ رکھنا ضروری ہے، اسی سے طلبہ وطالبات کے رقم الجلوس جاری ہوں گے۔
- مقررہ تاریخ پوری ہونے پر داخلوں کی فہرست حتمی سمجھی جائے گی۔ پھر اس میں مدارس کسی قسم کی کوئی تبدیلی آن لائن نہیں کر سکیں گے اور اس سلسلہ میں کوئی عذر قابلِ قبول نہیں ہوگا۔
- 90 دنوں کے اندر مطلوبہ تبدیلی کے لیے مدرسہ کے لیٹر پیڈ پر درخواست، فارم ب/شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی اور 100 روپے فی طالب علم فیس دفتر کو ارسال کریں۔
- اگر مقررہ مدت سے 90 دنوں کے بعد کوئی تبدیلی کروائیں گے تو حسب ضابطہ درستگی فارم نمبر 1 پُر کرنا ہوگا اور 400 روپے فیس ادا کرنی ہوگی۔

عبدالمجید
ناظم مرکزی دفتر
وفاق المدارس العربیہ پاکستان